بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# حیات مسیح علیہ السلام کے فتاویٰ پر بحث

دنیا کے خاتمہ کے قریب اور قیامت کے قائم ہونے سے قبل ایک بہت ہی غیر معمولی واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہے۔ اگرچہ اس سلسلے میں قرآن و حدیث و اجماع امت کے دلائل موجود ہیں، لیکن ماضی میں مرزا قادیانی، اور حال میں بعض تجدد پسند غامدی جیسے لوگ کے ہتکنڈوں سے محفوظ کرنے کیلئے تائیدی طور پر دنیا بھر کے عرب و عجم کے علما و مشائخ سے حیات مسیح علیہ السلام کے فتاویٰ حاصل کرنے والی ایک عہد ساز شخصیت فاتح قادیانیت، سفیر ختم نبوت حضرت مولانا منظور چنیوٹی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شب روز کی انتھک محنتوں کا ثمر و تفصیلی روائیداد بقلم حضرت مولانا منظور چنیوٹی صاحب رحمۃ اللہ علیہ بتاریخ 17 جولائی 1994 اتوار قارئین کیلئے پیش خدمت کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

سہیل باوا

ختم نبوت اکیڈمی، لندن

حضرت مولانا منظور چنیوٹی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ :۔

سن 64 کی بات ہے کہ میرے مربی اور شفیق استاد حضرت علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ قائد جمعیت مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ اور شیر سرحد حضرت غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے ہمراہ قاہرہ میں مجلس بحوثِ علمیہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اجلاس میں تشریف لے جارہے تھے۔ راقم نے حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ جامعہ ازہر کے ریکٹر شیخ شلتوت کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ایک فتویٰ ہے جس سے قادیانیوں کے نظریہ وفات مسیح کی تائید ہوتی ہے۔ قادیانیوں نے اس فتویٰ کو مختلف زبانوں میں بڑے وسیع پیمانہ پر اشاعت کر کے گمراہی پھیلانے کی کوشش کی ہے، کیونکہ جامعہ ازہر کا عوام الناس پر بہت بڑا علمی رعب اور دبدبہ ہے۔ اس لئے لوگ اس فتویٰ سے متاثر ہو رہے ہیں۔ آپ حضرات چونکہ مصر تشریف لے جارہے ہیں وہاں سے اس فتویٰ کی تردید حاصل کرنے کی کوشش فرمادیں۔ میں نے بطور

